PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/ BDC/CIR-2025-26/**1209** تاریخ: 31 جولائی 2025

محترم سکول مالکان/لائیسینسیز: (FAS,EVS, NSP, PSRP)

عنوان: ہدایات برآئے بکس ڈیمانڈ تعلیمی سال 2026-27

السلام علیکم!

بذریعہ سرکلر ھذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے تعلیمی سال 2026-27 کی کتب کی ڈیمانڈ لینے کے لیے پیف کی ویب سائٹ پر بکس ڈیمانڈ فارم اپ لوڈ کر دیا ہے لہذا بکس ڈیمانڈ فارم 7 دن (جمعرات، 07 اگست 2025) تک لازمی جمع کروائیں۔ نامکمل، غلط اور مقررہ مدت تک بکس ڈیمانڈ نہ جمع کروانے کی صورت میں سکول انتظامیہ خود ذمہ دار ہو گی۔ آپ سے التماس ہے کہ بکس ڈیمانڈ فارم کے اندراج کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

1. یہ بکس ڈیمانڈ تعلیمی سال 2026-27 کے لیے مختص ہے۔
2. قاعدے (Step-I، Step-II & Step-III) نرسری اور پریپ دونوں جماعتوں کے لیے ہیں۔
3. یہ فارم 7 کالمز پر مشتمل ہے اور آپ نے صرف آخری کالم میں ہر کلاس کی دی گئی انرولمنٹ کے لحاظ سے کتب کی تعداد کا اندراج کرنا ہے۔
4. اگر کسی کتاب کی ڈیمانڈ نہیں ہے تو اس کو صفر (0) سے لازمی پُر کریں۔
5. اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ کُتب کے عنوان کے سامنے کتب کی درست تعداد درج ہو۔ بصورت دیگر پیف غلط ڈیمانڈ کے معاملے میں ذمہ دار نہ ہو گا۔
6. کلاس نہم میں میڈیم (اردو/انگلش) کے انتخاب کے لیے 9-B(UM/EM) میں مطلوبہ کتب کا اندراج کریں اور کلاس دہم میں میڈیم (اردو/انگلش) کے انتخاب کے لیے 10-B(UM/EM) میں مطلوبہ کتب کا اندراج کریں۔
7. تعلیمی سال 2025-26 سے پنجاب ایجوکیشن کریکلم ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (PECTAA) نے میٹرک سائنس اور آرٹس گروپ کے علاوہ میٹرک ٹیک گروپ متعارف کروایا ہے۔ ان گروپس میں بیالوجی-سائنس، کمپیوٹر-سائنس، آرٹس، ہیلتھ سائنس- ٹیک، ایگریکلچر سائنس-ٹیک اور فیشن ڈیزائننگ-ٹیک، کمپیوٹر سائنس-ٹیک شامل ہیں۔
8. مندرجہ بالا گروپس میں سے کسی بھی ایک یا ایک سے زیادہ گروپ کے انتخاب کے لیے اس گروپ میں طلبا کی تعداد کے مطابق کتب کا اندراج کریں مزید برآں درج بالا گروپ/گروپس کا ٹوٹل A-9/A-10 میں درج شدہ کتب کے برابر ہو۔
9. مسلم طلبہ کے لیے قرآنی قاعدے/پارے/ترجمتہ القرآن/اسلامیات کی کتب کا اندراج کریں۔

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399

10. غیر مسلم طلبہ کے لیے اخلاقیات اور ان کے مذاہب (عیسائیت، ہندومت، سکھ مت، زرتشت، بہائی ازم، کالاشہ اور بدھ مت)(Christianity, Hinduism, Sikhism, Zoroastrianism, Bahaism, Kalasha and Buddhism) کے مطابق کتب کا اندراج کریں۔ مثال کے طور پر اگر 2 عیسائی طالب علم اول جماعت میں زیر تعلیم ہے تو ان کو اول جماعت کے عیسائی والے خانے میں 2 سے پر کریں یا اگر 3 ہندو اور 1 سکھ طالب علم دوئم جماعت میں زیر تعلیم ہے تو دوئم جماعت کے ہندو والے خانے میں 3 سے اور سکھ والے خانے میں 1 سے پر کریں۔ اسی طرح باقی جماعتوں میں بھی مذکورہ بالا غیر مسلم طلبہ کا تعداد کے مطابق اندراج کریں۔
11. کتب کا اندراج کرنے کے بعد اپنی ڈیمانڈ کو محفوظ کرنے کے لیے Save کے Button کو Click کریں۔
12. یاد رکھیں! فارم Save کرنے کے بعد مگر Submit کرنے سے پہلے تبدیل کیا جا سکتا ہے مزید برآں اپنی درج شدہ کتب کی ڈیمانڈ Submit کرنے سے پہلے Saved فارم کا بغور جائزہ لیں کیونکہ Submit ہونے کے بعد فارم تبدیل نہیں ہو سکے گا۔

نوٹ:۔ کتب کی ڈیمانڈ آپ کی موجودہ انرولمنٹ کے مطابق بنائی جا رہی ہے لیکن کتب کی تقسیم سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف دی پنجاب کی پالیسی کے مطابق کی جائے گی لہذا پیف پارٹنرز/لائیسینسیز سکولوں میں بک بنک کے قیام کو یقینی بنائیں اور موجودہ تعلیمی سال کے اختتام پر طلبہ سے کتابیں جمع کر کے قابل استعمال کتب اگلے تعلیمی سال میں دوبارہ طلبہ کو فراہم کریں۔ مزید برآں بکس ڈیمانڈ کی Submission کے دوران کسی بھی مسئلہ کی صورت میں اس نمبر 04299232768 پر رابطہ کریں۔

الطاف عارف
خیر اندیش
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399